© rasailojaraid.com


# مضاربت اور بلاسود بینکاری

دار العلوم کورنگی کراچی کے سابق استاذ حدیث حضرت مولانا عبد الحق (زیارت گل) زید مجدہم کا گراں قدر مقالہ جس پر انہیں کراچی یونیورسٹی نے ڈاکٹریٹ کی سند عطا کی ہے، مولانا حافظ لیاقت علی شاہ کی مساعی سے کتابی صورت میں شائع ہو چکا ہے۔ تین سو سے زائد صفحات پر مشتمل یہ کتاب زیر بحث موضوع کے کم وبیش تمام اہم پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہے۔

قیمت درج نہیں ہے جبکہ مندرجہ ذیل پتہ سے طلب کی جا سکتی ہے:

مکتبہ غفوریہ نزد جامعہ اسلامیہ درویشیہ، بلاک بی، سندھی مسلم سوسائٹی، کراچی

## المتون المعتبرة فی عقائد اہل السنة والجماعة

مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ کے سابق خطیب محدث پنجاب حضرت مولانا عبد العزیز سہالوی رحمہ اللہ تعالیٰ کے پوتے مولانا رشید احمد علوی صاحب نے اہل السنة والجماعة کے عقائد پر معروف اور متداول متون کو کتابی شکل میں جمع کر دیا ہے جن میں الفقہ الاکبر، العقیدة الطحاویة، العقائد العضدیة، العقائد النسفیة اور العقائد البزدویة سمیت دس اہم متون شامل ہیں اور اہل علم کے لیے بہت زیادہ افادیت کے حامل ہیں۔

ڈیڑھ سو سے زائد صفحات پر مشتمل اس کتاب پر قیمت درج نہیں اور اسے مولانا رشید احمد علوی صاحب سے مندرجہ ذیل پتہ پر طلب کیا جا سکتا ہے: دفتر ختم نبوت، اندرونی سیالکوٹی گیٹ، گوجرانوالہ

## اکیسویں صدی کے چیلنجز پر ''الحق'' کی خصوصی اشاعت

عالم اسلام کے لیے اکیسویں صدی عیسوی کے چیلنجز کے حوالے سے معروف دینی جریدہ ماہنامہ ''الحق'' اکوڑہ خٹک نے ایک خصوصی اشاعت (اگست تا نومبر ۲۰۰۱ء) کا اہتمام کیا ہے جو پونے تین سو کے لگ بھگ صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں عالم اسلام کے سرکردہ علماء کرام اور اہل دانش نے اپنے مقالات میں اکیسویں صدی میں پیش آنے


© rasailojaraid.com